Lesson-2

# فقه القلوب

کتاب کا نام: موسوعة فقه القلوب فی ضوء القرآن والسنة

مولف:  محمد بن ابراہیم بن عبد اللہ التویجري

تدریس: ڈاکٹر فرحت ہاشمی

# المقدمة (صفحہ 5-6)

**والقلب إذا زاد نوره ينيب إلى الله، ويحب الطاعات، ويكره المعاصي، وبالإيمان بالله، وامتثال أوامره في كل حال يزداد نور القلب، وبالكفر والمعاصي يزيد ظلام القلب، فيحب المعاصي، ويكره الطاعات.**

جب دل میں ایمان کا نور بڑھنے لگتا ہے تو انسان اللہ کی طرف مائل ہونے لگتا ہے اور اسے اطاعت پسند آنے لگتی ہے، اور گناہ ناپسند آنے لگتے ہیں، ہر حال میں اللہ پر ایمان اور اس کے حکم کی پابندی سے نور قلب بڑھتا ہے، کفر اور نافرمانیاں دل کے اندھیروں کو زیادہ کر دیتی ہیں، گناہوں سے محبت ہونے لگتی ہے اور اطاعت ناپسند آنے لگتی ہے۔

**والذوق يولد الشوق، فمن ذاق طعم الإيمان اشتاق إلى تكميل الإيمان والأعمال الصالحة، وتلذذ بعبادة الله، وظهرت شعب الإيمان في حياته، وتعلقت روحه بحياة الملأ الأعلى، فأحبه الله، وأحبه من في السماء، وجعل الله له القبول في الارض.**

اور کسی چیز کا شوق ذوق پیدا کرتا ہے، جس نے ایمان کو چکھا (مٹھاس پالی) اُسے ایمان کو مکمل کرنے کا شوق ہو جائے گا، اور زیادہ سے زیادہ نیک عمل کرنے کا (شوق ہو گا)، اور وہ اللہ کی عبادت کے ساتھ لذت پائے گا اور اس کی زندگی میں ایمان کی شاخیں نظر آنے لگیں گی اور اس کی روح الملاء الاعلی کے ساتھ جا ملے گی، پس اللہ اس شخص سے محبت کرتا ہے، اس سے آسمان والے بھی محبت کرتے ہیں اور اللہ تعالی اس شخص کی شہرت زمین والوں میں ڈال دیتا ہے۔

**إن فقه القلوب هو الأصل الذي يقوم عليه فقه الجوارح، وفقه الجوارح بالنسبة لفقه القلوب كالذرة بالنسبة للجبل،وإن كان كلاهما مهما، وكل واحد يكمل الآخر، فلا قبول لأي عمل إلا باجتماعهما.**

بے شک دلوں کی فقہ وہی اصل ہے وہ جس پر اعضاء کی فقہ کھڑی ہوتی ہے اور باقی اعضاء کی فقہ دلوں کی فقہ کے آگے ذرے کی طرح ہے بہ نسبت پہاڑ کے، اگرچہ دونوں ہی اہم ہیں اور ہر ایک دوسرے کی تکمیل کرتا ہے، کسی عمل کی قبولیت ہے ہی نہیں لیکن ان دونوں کے جمع ہونے سے۔

**إلا أن فقه القلوب وهو التوحيد والإيمان وشعبه لم يجمع في كتاب شامل مستقل، بينما فقه الجوارح امتلأت به بطون الكتب ولله الحمد، فتعلم أكثر الناس الأحكام، ولكنهم قعدوا عن الأعمال بسبب ضعف الإيمان في القلوب، فكثر الجدل والخلاف، وقل العمل والإخلاص، وضعف اليقين.**

دلوں کی فقہ توحید اور ایمان ہے اور اس کی شاخیں کسی کتاب میں خاص طور سے جمع نہیں کی گئیں، جبکہ فقہ الجوارح سے کتابوں کے پیٹ بھرے ہوئے ہیں اور اللہ کے لیے ہے سب تعریف اور لوگوں کی اکثریت احکام سیکھتی ہے (جیسے نماز کے مسائل، قضاء کے مسائل) لیکن وہ اعمال سے بیٹھ گئے بسبب دلوں میں ایمان کی کمزوری کے، نتیجتا جھگڑا اور اختلاف زیادہ ہو گیا اور عمل و اخلاص تھوڑا ہو گیا اور یقین کمزور ہو گیا۔

**وسبب ذلك الجهل بفقه القلوب من التوحيد والإيمان.. والعلم بالله وأسمائه وصفاته وأفعاله.. وعظمة خزائنه.. والعلم بوعده ووعيده.. وثوابه وعقابه.**

اور سبب اس جہالت کا کہ دل توحید اور ایمان کو نہیں سمجھتے... اور علم سے جہالت جو اس کے اسماء وصفات اور افعال کے بارے میں ہے.... اور اسکے خزانوں کی عظمت سے (جہالت)... اور اس کے وعدے (جنت کے) اور ڈراوے (جہنم سے)... اور اس کے جزا وسزا سے (جہالت)۔

**وهذه الموسوعة محاولة لسد هذا النقص، ورفع لذلك الجهل، وتكميل لذلك الفقه**

اور یہ انسائیکلوپیڈیا اس کمی کو پورا کرنے کی کوشش ہے، اور اس جہالت کو دور کرنے کی، اور اس فقہ کی تکمیل کی۔